KATHY HOCHUL گورنر | فوری ریلیز کے لیے: 13/10/2022

گورنر HOCHUL، میئر ADAMS کی جانب سے سپارک کِپس بے کے لیے منصوبے کا اعلان، جو اپنی نوعیت کا پہلا کام ہے اور صحت اور زندگی کی سائنس میں جدت لانے کے لیے تعلیمی مرکز ہے

سٹی یونیورسٹی آف نیو یارک (CUNY) کے ساتھ شراکت داری میں، شہر اور ریاست کی تاریخی سرمایہ کاری، یقینی بنائے گی کہ نیو یارک قابلِ رسائی لائف سائنس اور صحتِ عامہ کے پیشوں میں عالمی رہنماء ہے

نیا جدید ترین بروکڈیل کیمپس نیو یارک شہر کے طلباء و طالبات کے لیے پیشہ ورانہ زندگی کی ایک پائپ لائن بنائے گا اور لائف سائنسز انڈسٹری کو تقویت دینے میں مدد کرے گا

منصوبہ گورنر Hochul کے نیو یارک کے نگہداشتِ صحت کے شعبے کو تیزی سے آگے بڑھانے کے نصب العین کی تکمیل کرتا ہے جس میں 620$ ملین کی لائف سائنس کی پہل کاریاں، CUNY اور SUNY میں ریکارڈ سرمایہ کاری، نگہداشتِ صحت کے شعبے کے اہلکاروں کا بونس پروگرام شامل ہے

تصاویر اور سائٹ کے علاقے کا نقشہ یہاں دستیاب ہے.

گورنر Kathy Hochul اور نیو یارک سٹی کے میئر Eric Adams نے آج ریاست میں اپنی نوعیت کے پہلے اختراعی مرکز، سائنس پارک اینڈ ریسرچ کیمپس کپس بے (Science Park and Research Campus Kips Bay) کے منصوبوں کا اعلان کیا۔ شہر اور ریاست کی تاریخی سرمایہ کاری سے چلنے والا، SPARC Kips Bay نیو یارک کو مقامی سرکاری سکولوں سے لے کر لائف سائنسز، نگہداشتِ صحت، اور صحتِ عامہ کے نشوونما پاتے ہوئے اور بنیادی شعبوں تک ایک پائپ لائن تخلیق کر کے ان شعبوں میں قابلِ رسائی ملازمتیں پیدا کرنے اور اپنی طرف متوجہ کرنے میں ایک عالمی رہنماء بنائے گا۔

گورنر Hochul نے کہا، "شہر کے ساتھ اس معاہدے کی بدولت، SPARC Kips Bay نیو یارک کے لائف سائنسز کے شعبے کو بہت زیادہ ترقی دے گا، جس سے زیادہ تنخواہ والی ہزاروں نوکریاں پیدا ہوں گی، تعلیم میں سرمایہ کاری ہو گی، اور نیو یارک کو وہ جگہ بنے گا جہاں معجزے رونما ہوتے ہیں۔ میری انتظامیہ زندگیاں بچانے اور نیو یارک کو مستقبل کے تبدیلی کے شعبوں کا مرکز بنانے پر پوری توجہ مرکوز کیے ہوئے ہے۔ اس منصوبے کے ساتھ، ہم بیک وقت یہ دونوں اہداف حاصل کریں گے"۔

سٹی یونیورسٹی آف نیو یارک (CUNY) کے ساتھ شراکت داری کے ذریعے، SPARC Kips Bay اگلے 30 برسوں میں شہر پر تقریباً 25$ بلین کا اقتصادی اثر پیدا کرے گا؛ 10,000 ملازمتیں، بشمول 2,000 مستقل ملازمتیں پیدا کرے گا؛ اور East 25th Street اور First Avenue پر ہنٹر کالج کے بروکڈیل کیمپس کو نئی، جدید ترین تدریسی اور تجارتی سہولیات میں تبدیل کر دے گا۔ یہ منصوبہ پورے شہری بلاک کو تبدیل کر دے گا — جس میں 1.5 ملین مربع فٹ سے زیادہ تعلیمی، صحتِ عامہ، اور لائف سائنسز کی جگہ ہے، جو Kips Bay میں لائف سائنسز کے اثرات کے دوگنا سے بھی زیادہ ہے — اور ایسٹ ریور اور مینہیٹن واٹرفرنٹ گرین وے کو آپس میں جوڑنے والی East 25th سٹریٹ پر پیدل چلنے والوں کے لیے ایک نیا قابلِ رسائی پُل دوبارہ تعمیر کرے گا۔

نیو یارک سٹی اکنامک ڈیویلپمنٹ کارپوریشن کے صدر اور سی ای او Andrew Kimball نے کہا، " SPARC Kips Bay نیو یارک شہر میں اقتصادی ترقی کے لیے ایک راستہ بنانے والے طریقۂ کار کی نمائندگی کرتا ہے جہاں ہم ایسے گروپ بناتے ہیں جن میں کامرس اور سکول ایک دوسرے کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں تاکہ CUNY اور محکمۂ تعلیم (Department of Education, DOE) کے طلباء و طالبات کے لیے آج اور کل کے جدید شعبوں میں پیشہ ورانہ زندگی کے راستے فراہم کیے جا سکیں۔ یہ معاشی ترقی کی فراہمی کا ناصرف ایک بالکل نیا طریقہ ہے بلکہ ریاست کے ساتھ ایک زبردست شراکت داری بھی ہے۔ مل جُل کر، ہم متنوع ٹیلنٹ کی ایک بے مثال پائپ لائن تیار کر رہے ہیں جو ہمارے شہر کو مستقبل میں صحت کی ہنگامی صورتحال کے لیے تیار کرے گی جبکہ بیمار لوگوں کے علاج اور ان کی زندگیوں اور دیکھ بھال کو بہتر بنانے میں مدد کے لیے نئی ادویات، طبی آلات، اختراعی علاج، اور دیگر مصنوعات کو ترقی دے گی۔ نیو یارک سٹی اکنامک ڈیویلپمنٹ کارپوریشن (New York City Economic Development Corporation, NYCEDC) کو یقین ہے کہ یہ تاریخی سرمایہ کاری صحت اور لائف سائنسز کے شعبوں کو ترقی دے گی، ہماری معیشت کو متنوع بنائے گی، اور اس کی طویل المعیاد لچک کو سہارا دے گی"۔

نیو یارک سٹی کے میئر Eric Adams نے کہا، " Kips Bay میں یہ نیا سائنس پارک اور ریسرچ کیمپس ناصرف لائف سائنسز کی صنعت کا مرکز اور آس پاس کے علاقے کے لیے ایک آسرا، بلکہ ہمارے شہر کے نوجوانوں کے لیے مستقبل کے لیے ایک پُل بھی ہو گا۔ SPARC Kips Bay پورے شہری بلاک کو لائف سائنسز کی صنعت کے لیے ایک جدید ترین منزل میں تبدیل کر دے گا اور ایک ایسی جگہ ہو گی جہاں افرادی قوت کی ترقی، معاشی مواقع، اور صحتِ عامہ بغیر کسی رکاوٹ کے یکجا ہوں گے — کاروبار کو اپنی طرف راغب کریں گے اور نیو یارک کے مکینوں کو اوپر اٹھائیں گے تاکہ اگلی تین دہائیوں میں ہمارے شہر کے لیے 25$ بلین کی نئی اقتصادی سرگرمیوں کے ساتھ ہمارا شہر پہلے سے کہیں زیادہ مضبوط ہو۔ 'Get Stuff Done' کے نصب العین اور مل جُل کر کام کرنے کے لیے ہمارے تمام شراکت داروں کا شکریہ"۔

بجٹ ڈائریکٹر Robert F. Mujica، جونیئر نے کہا، "یہ ملازمتیں پیدا کرنے، ہمارے نوجوانوں کو تعلیم دینے اور صحتِ عامہ اور سلامتی کے تحفظ میں مدد کے لیے اہم سرمایہ کاریاں ہیں۔ وہ ریاست اور شہر کے درمیان ایک نتیجہ خیز شراکت داری کی بھی نمائندگی کرتی ہیں اور ان اہم سرمایہ کاری کی تکمیل کرتی ہیں جو گورنر Hochul نے موجودہ ریاستی بجٹ میں معاشی ترقی، تعلیم اور صحت کی دیکھ بھال میں کی ہیں"۔

ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، سی ای او اور کمشنر Hope Knight نے کہا، "یہ منصوبہ نیو یارک کے اختراعی ڈی این اے کی نمائندگی کرتا ہے، جو قدرتی صلاحیتوں کو جمع کرنے کے لیے ہماری درجۂ اول کی اعلیٰ تعلیمی برادری کا فائدہ اٹھاتا ہے جو ریاست کی عالمی معیار کی لائف سائنسز کی صنعت کو ترقی دے گا۔ ہماری تزویراتی سرمایہ کاری اور افرادی قوت کی ترقی پر توجہ نیو یارک کے مکینوں کے لیے جیت کا ایک فارمولا ہے: یہ ملازمتیں پیدا کر رہا ہے، اقتصادی مواقع فراہم کر رہا ہے، اور ریاست گیر معیشت کو مضبوط کر رہا ہے"۔

نیو یارک سٹی کی فرسٹ ڈپٹی میئر Lorraine Grillo نے کہا، "یہ واقعی ایک تبدیلی لانے والا منصوبہ ہے جو ہائی سکول، انڈرگریجویٹ، گریجویٹ، اور پوسٹ گریجویٹ طلباء و طالبات، صحتِ عامہ کے اداروں اور بائیوٹیکنالوجی کی کمپنیوں کے لیے جدید ترین جگہ بناتا ہے۔ یہ نیویارک کے لوگوں کی نسلوں کے لیے پیشہ ورانہ مواقع کا راستہ فراہم کرے گا"۔

نیویارک سٹی کی ڈپٹی میئر برائے اقتصادی و افرادی قوت کی ترقی Maria Torres-Springer نے کہا، "آج ہمارے شہر اور ہمارے لوگوں کے لیے مواقع کے ایک نئے دور کا آغاز ہے۔ SPARC Kips Bay میں تبدیلی لانے والا نیا کیمپس درس گاہ کو صنعت کے ساتھ جوڑے گا اور نیو یارک سٹی کو لائف سائنسز اور صحتِ عامہ کے لیے دنیا کا صفِ اول کا شہر بننے میں مدد دے گا۔ سائٹ پر منصوبہ بند پروگراموں اور مقامات کے امتزاج کے ساتھ، ہمارے پاس مقامی خداداد صلاحیتوں کو لائف سائنسز، نگہداشتِ صحت، اور صحتِ عامہ میں ہونے والے متاثر کن اور اثر انگیز کام کے مرکز میں رکھنے اور انہیں ان پیشوں میں داخل ہونے کے لیے جس تربیت کی ضرورت ہے اس سے آراستہ کرنے کا واقعی ایک منفرد موقع ہے"۔

نیویارک شہر کی ڈپٹی میئر برائے صحت و انسانی خدمات Anne Williams-Isom نے کہا، " SPARC Kips Bay کے کیمپس صحت اور زندگی سائنس کے شعبوں میں بہترین اور روشن ترین افراد کو اپنی طرف متوجہ کرنے اور برقرار رکھنے میں مدد کریں گے۔ یہ جدت اور اشتراک کا محور اور پیشہ ور افراد کی نسلوں کے لیے ان بڑھتے ہوئے اہم شعبوں میں آنے کے لیے ہدایت کا مرکز ہو گا۔ ان منصوبوں کو عملی جامہ پہنانے کے لیے شہر اور ریاست بھر کی ٹیموں کے ساتھ ساتھ سائنسی اور کاروباری برادریوں کا بھی شکریہ"۔

SPARC Kips Bay نئے سرکاری ہائی سکول کے لیے جگہ کے ساتھ ایک واحد کیمپس بنا کر، CUNY سکول جو نگہداشتِ صحت، اختراعی صحت اور بائیوٹیک کمپنیوں، اور صحتِ عامہ کے اداروں پر توجہ مرکوز کریں گے - سائنسی تحقیق اور نگہداشتِ صحت کرنے والی افرادی قوت کی اگلی نسل کی آبیاری کرے گا جس سے نیو یارک سٹی ہائی سکول، انڈرگریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ طلباء و طالبات کے لیے اچھی تنخواہ والے پیشوں کے راستے فراہم کرے گا۔ CUNY صحتِ عامہ اور طبی تحقیق میں قابلِ رسائی ڈگریاں اور جاری تعلیمی پروگرام پیش کرے گی، بشمول نیو یارک کے بہت سے نوجوان لوگوں کے لیے جو عالمی وباء میں کام کرنے والے امدادی کارکنان اور محققین سے متاثر ہیں جنہوں نے ویکسین تیار کرنے میں مدد کی تھی۔

پیشہ ورانہ زندگی کے مواقع ڈاکٹروں اور نرسوں سے لے کر بائیو کیمسٹ اور انجینئرز نیز لائف سائنسز اور نگہداشتِ صحت کے شعبوں جیسے بزنس مینیجرز، وکلاء اور انتظامی معاونین میں معاون کرداروں کی کئی قسموں کے ہوں گے۔ نئے ٹیلنٹ کی نشوونما کے ساتھ نئی تحقیق آئے گی، جو مزید کمپنیوں، نوکریوں، ادویات اور جدید ٹیکنالوجیوں میں تبدیل ہو گی، جس سے یہ یقینی ہو گا کہ نیو یارک سٹی ہمارے وقت کے صحتِ عامہ کے سب سے اہم چیلنجوں کے علاج اور شفائیں تیار کرنے میں سرفہرست ہے۔

اس کے علاوہ، SPARC Kips Bay نیو یارک شہر کی ایک زیادہ متحرک اور لچکدار معیشت کی تعمیر میں اہم ثابت ہو گا۔ نیو یارک سٹی کے نگہداشتِ صحت کے شعبے نے نیو یارک کے 750,000 سے زیادہ مکینوں کو ملازمتیں دی ہیں، اور میٹروپولیٹن علاقے کا لائف سائنس کا شعبہ ایک تیزی سے ترقی کرنے والی صنعت ہے جس میں گزشتہ سال تقریباً 150,000 اضافی ملازمتیں نکلیں۔ شہر کا اندازہ ہے کہ کیمپس کی نئی کمرشل لیب تقریباً 2,000 معیاری ملازمتیں پیدا کرے گی اور نئی کمپنیوں اور نئے کاروباروں کو اپنی طرف راغب کرے گی، جس سے نگہداشتِ صحت اور لائف سائنسز کے شعبوں میں اچھی تنخواہ والی اضافی ملازمتیں پیدا ہوں گی۔

سٹی یونیورسٹی آف نیو یارک کے چانسلر Félix V. Matos Rodríguez نے کہا، "COVID-19 نے ثابت کر دیا کہ نیو یارک کے سرکاری ہسپتال، تحقیقی ادارے اور CUNY ہمارے شہر کی بقاء اور بہبود کے لیے کتنے اہم ہیں۔ نتیجتاً، یہ مناسب ہے کہ گورنر Hochul اور میئر Adams نے CUNY کے ساتھ مل کر ہنٹر کالج کے بروکڈیل کیمپس کو صحتِ عامہ اور تعلیم کے مرکز میں تبدیل کیا ہے تاکہ ہمارے طلباء و طالبات، تدریسی عملے، اور نیو یارک کے تمام مکینوں کی ضروریات کو بہتر طریقے سے پورا کیا جا سکے۔ ہر سال، CUNY تقریباً 40,000 طلباء و طالبات کو صحت و انسانی خدمات کے پروگراموں میں داخلہ دیتی ہے، اور یہ جدید ترین سہولت انہیں نیو یارک کے بڑھتے ہوئے لائف سائنسز اور صحتِ عامہ کے شعبوں میں کام کرنے کے لیے تیار کرے گی نیز ہماری معیشت کی مدد کرنے کے لیے ان شعبوں میں انتہائی ضروری ملازمتیں پیدا کرے گی۔ CUNY کو اس شراکت داری کا حصہ بننے پر فخر ہے، جو نیو یارک کو عالمی وباء سے مساوی طور پر صحت یاب ہونے میں مدد کرے گی"۔

سٹی یونیورسٹی آف نیویارک بورڈ آف ٹرسٹیز کے چیئرپرسن William C. Thompson جونیئر نے کہا، "یہ انتہائی ضروری نئی سہولت CUNY کو نگہداشتِ صحت اور افرادی قوت کی ترقی میں ہمارے پروگراموں کو وسیع کرنے کے قابل بنائے گی، طلباء و طالبات کو ان بڑھتی ہوئی صنعتوں میں انٹرن شپ اور ملازمتوں سے منسلک کرے گی، اور ہماری مضبوط اور بڑھتی ہوئی لائف سائنسز کی تحقیق کی صلاحیت کو وسعت دے گی۔ میں گورنر Hochul اور میئر Adams کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے CUNY کو اس نئی، پُر رونق عمارت کے لیے ایک آسرا بنایا جو ہمارے شہر کی مستقبل کی کامیابی کے لیے اہم ہو گا"۔

سٹی یونیورسٹی آف نیو یارک ایڈوانسڈ سائنس ریسرچ سینٹر سٹرکچرل بائیولوجی انیشی ایٹو کے ڈائریکٹر Kevin H. Gardner، پی ایچ ڈی نے کہا، "ہمارے ڈیجیٹل طور پر جڑے ہوئے دور میں بھی، شاندار لوگ، خیالات اور

تصورات قربت کے ساتھ پروان چڑھتے ہیں، شانہ بشانہ اور ایک دوسرے کے ساتھ کام کرتے ہیں۔ SPARC Kips Bay منصوبہ حیاتیاتی طب کی تمام اہم سرگرمیوں کے لیے اختراعی طور پر ایک نئی جگہ تیار کرتا ہے — دیکھ بھال سے لے کر تحقیق تک، تربیت تک، دریافت سے لے کر استعمال تک — یہ سب کچھ مختلف مقامات پر پھیلانے کی بجائے ایک ہی چھت کے نیچے ہوتا ہے۔ یہاں پر دلچسپ چیزیں ہونے والی ہیں، مریضوں کا علاج کرنے سے لے کر ان خیالات تک جو عمل میں آتے ہیں اور نگہداشتِ صحت فراہم کرنے والوں کی اگلی نسلوں کو سکھائے جاتے ہیں"۔

NYC Health + Hospitals کے صدر اورسی ای او Mitchell Katz, MD نے کہا، "NYC Health + Hospitals کو فخر ہے کہ وہ SPARC Kips Bayکا حصہ ہے کیونکہ ہم Bellevue ہسپتال کے بنیادی نگہداشت کے کلینکوں کو وسعت دیتے ہیں اور اپنے ملازمین اور CUNY کے طلباء و طالبات کے لیے ایک نیا کلینیکل سمولیشن سینٹر شامل کرتے ہیں۔ ہمارا نظامِ صحت اس نئے کیمپس میں ایک متحرک کردار ادا کرے گا کیونکہ ہم اپنے مریضوں اور مستقبل کی نرسوں اور معالجین کو ساتھ شامل کریں گے"۔

نیو یارک سٹی محکمۂ تعلیم کے چانسلر David C. Banks نے کہا، "اپنے طلباء و طالبات کو ایک فائدہ مند پیشے اور طویل المعیاد اقتصادی تحفظ کے لیے ایک واضح راستہ فراہم کرنا ہمارا قطبی تارہ ہے۔ SPARC Kips Bay ہمارے سرکاری سکولوں، CUNY، صحت اور بائیوٹیک کی ہمسایہ صنعتوں، اور صحتِ عامہ کے اداروں کے درمیان ہمارے ہائی سکول کے طلباء و طالبات کے لیے بامعنی پیشہ ورانہ زندگی کے راستے فراہم کرنے کے لیے بے مثال تعاون کا نتیجہ ہو گا۔ مجھے خوشی ہے کہ یہ موقع ہمارے مزید طلباء و طالبات کو 21ویں صدی کی معیشت اور مستقبل کے مواقع کے لیے تیار کرنے میں مدد کرے گا"۔

نیو یارک سٹی محکمۂ تعمیراتِ سکول کی صدر اور سی ای او Nina Kubota نے کہا، "یہ اولولعزم منصوبہ میئر Adams اور گورنر Hochul کی سربراہی میں بین المحکمہ تعاون کی ایک اور مثال ہے جو آنے والی نسلوں کے لیے Kips Bay کے علاقے کو تبدیل کر دے گا۔ اس لائف سائنسز اور صحتِ عامہ کے کیمپس کے جزو کے طور پر ایک نیا جدید ترین سکول شامل کرنا ان نشوونما پاتی ہوئی صنعتوں میں ملازمت کے حصول میں دلچسپی رکھنے والے طلباء و طالبات کے لیے نئے، دلچسپ مواقع فراہم کرے گا"۔

نیو یارک سٹی محکمۂ شہری منصوبہ بندی کے ڈائریکٹر اور شہری منصوبہ بندی کمیشن کے سربراہ Dan Garodnick نے کہا، "نیو یارک سٹی کا علاقہ لائف سائنس کی ملازمتوں میں قوم کی قیادت کر رہا ہے، اور، اس منصوبے کے ساتھ، ہم سکور کو آگے بڑھانا جاری رکھیں گے۔ یہ نیا مرکز احسن طور پر نگہداشتِ صحت کی راہداری میں واقع ہے جس میں ہسپتال، لیبز، سکول اور صحتِ عامہ کی سہولیات شامل ہیں، ایسے شہر میں جس میں زندگی میں نئی اختراعات لانے کی تمام صلاحیتیں موجود ہیں۔ یہ نواحی علاقے کے لیے تبدیلی اور نیو یارک کے لیے ایک بہت بڑی فتح ہے"۔

نیو یارک سٹی کے میئر کے آفس آف ٹیلنٹ اینڈ ورک فورس ڈیویلپمنٹ کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر Abby Jo Sigal نے کہا، "SPARC Kips Bay کو تیار کرنے کے لیے سرکاری و نجی سرمایہ کاری نیو یارک کے لوگوں کے لیے اقتصادی نقل و حرکت کی راہیں پیدا کرے گی اور ہماری معیشت کو پھلنے پھولنے میں مدد دے گی۔ سائٹ پر موجود تربیتی مراکز اور سرکاری ہائی سکول DOE اور CUNY کے طلباء و طالبات کو پیشے سے منسلک تعلیمی مواقع فراہم کریں گے جو ان کی پیشہ ورانہ کامیابی کے لیے اہم ہیں اور لائف سائنسز اور نگہداشتِ صحت کی صنعتوں میں آجروں کو NYC کے رہائشیوں کی ناقابلِ یقین صلاحیتوں سے فائدہ اٹھانے کا موقع فراہم کریں گے"۔

نیو یارک سٹی کے چیف میڈیکل ایگزامینر ڈاکٹر Jason Graham نے کہا، "ایک صدی سے زیادہ عرصے سے Kips Bay میں چیف میڈیکل ایگزامینر کا دفتر (Office of Chief Medical Examiner, OCME) قائم ہے، اور ہمارے نئے فرانزک پیتھالوجی سینٹر کے ساتھ، ہم اس نواحی علاقے کے لیے اگلے باب کو فرانزک سائنس میں دریافت اور اختراع کے لیے ایک عالمی مرکز کے طور پر شروع کرنے کے لیے پُرجوش ہیں۔ ہماری جدید ترین عمارت صحتِ عامہ اور سلامتی کے سنگم پر نیو یارک کے مکینوں کی خدمت کرنے والے ڈاکٹروں اور سائنس دانوں

کی مدد کرے گی اور اس بات کو یقینی بنائے گی کہ ہم ایسے وقت میں بورڈ سے تصدیق شدہ فرانزک پیتھالوجسٹ تیار کرنے میں ملک کی قیادت کرنا جاری رکھیں گے جب اس ثانوی مہارتِ خصوصی کی انتہائی شدید ضرورت ہے"۔

SPARC Kips Bay کو ہنٹر سکول آف نرسنگ اور سکول آف ہیلتھ پروفیشنز، CUNY گریجویٹ سکول آف پبلک ہیلتھ اینڈ ہیلتھ پالیسی، اور بورو آف مینہیٹن کمیونٹی کالج کے نگہداشتِ صحت کے پروگراموں کے 4,500 سے زائد طلباء و طالبات کے لیے نئی، جدید سہولیات سے تقویت دی جائے گی۔ اس مرکز میں یہ خصوصیات بھی ہوں گی:

- ایک H+H/Bellevue ایمبولیٹری نگہداشت مرکز جو چھان بین، ایک دن میں انجام دیے جانے والے افعال، تشخیص، اور تدارکی نگہداشت پیش کرے گا؛
- ایک H+H سمولیشن تربیتی مرکز جو CUNY کے طلباء و طالبات اور دیگر کو فرضی آپریٹنگ رومز اور لیبر اینڈ ڈیلیوری رومز کا استعمال کرتے ہوئے مریض کے حالات کی نقل کرنے کے قابل بنائے گا؛
- ایک DOE ہائی سکول جو ان بڑھتے ہوئے شعبوں میں طلباء و طالبات کو ملازمتوں کے لیے تیار کرنے کے لیے نگہداشتِ صحت اور سائنسز کے بارے میں سیکھنے کا موقع فراہم کرتا ہے؛ اور
- چیف میڈیکل ایگزامینر کے دفتر (OCME) کا ایک نیا فرانزک پیتھالوجی مرکز، جس میں 150 افراد کام کرتے ہیں اور ہفتے میں ساتوں دن، سال بھر کی عملی ترتیبِ کار کے ساتھ، فرانزک پیتھالوجسٹ کے لیے قومی سطح پر معروف تربیتی سہولت ہے۔

SPARC Kips Bay نیو یارک کی لائف سائنسز کی صنعت کی نشوونما میں مدد کے لیے کامیاب سرکاری و نجی شراکت داری کی میراث کو جاری رکھے گا۔ اگلے سال کے دوران، شہر اور NYCEDC، ریاست اور CUNY کے ساتھ مل کر کام کرتے ہوئے، ایک ماسٹر منصوبہ بندی کے عمل کی قیادت کریں گے جس کے نتیجے میں ایک تصوراتی سائٹ پلان ہو گا جو سائٹ کے بنیادی ڈھانچے کی ضروریات، عمارت کی تعمیر، کھلی جگہ اور شہری ڈیزائن، اور ممکنہ علاقہ بندی اور دیگر استحقاقی تبدیلیوں کی نشاندہی کرے گا جو منصوبے کو نافذ کرنے کے لیے درکار ہیں۔ منصوبہ بندی کے عمل میں اہلِ علاقہ کی شمولیت اور کام کے ماہرین کے ذریعے رائے لی جائے گی، اور تعمیراتی، شہری منصوبہ بندی، اور انجینئرنگ کی فرم Skidmore, Owings & Merrill کی جانب سے اس میں تعاون کیا جائے گا۔

یہ سرکاری و نجی شراکت داری گورنر Hochul کے نیو یارک کی نگہداشتِ صحت اور لائف سائنسز کی صنعتوں میں ترقی اور جدت کو فروغ دینے کے عزم کی نشاندہی کرتی ہے۔ گورنر ریاست نیو یارک کی $620 ملین کی لائف سائنس پہل کاری کو آگے بڑھانا جاری رکھے ہوئے ہیں تاکہ نگہداشتِ صحت کے جدید حلوں کی تخلیق کو فروغ دیا جائے اور ریاست کی تحقیق کو تجارتی بنانے کی صلاحیت میں اضافہ کیا جا سکے۔ پہل کاری میں نیو یارک کے تحقیق و ترقی کے اثاثوں اور مہارت سے فائدہ اٹھانے کے لیے COVID-19 کی عالمی وباءکے جواب میں تشکیل دیا گیا $40 ملین کا ریاست نیو یارک کا بائیو ڈیفنس کمرشلائزیشن فنڈ شامل ہے۔

اس سے علیحدہ، گورنر Hochul نے ریاست کے $350 ملین کے لانگ آئی لینڈ انویسٹمنٹ فنڈ سے فینسٹائن انسٹیٹیوٹ برائے طبی تحقیق کو پہلی گرانٹ سے نوازا اور آنے والے ہفتوں میں فنڈ کے ذریعے $50 ملین کا لائف سائنسز بزنس پلان مقابلہ شروع کرنے کا ارادہ رکھتی ہیں۔ گورنر نے ریاستی مقننہ کے ساتھ SUNY اور CUNY سکولوں میں مالی بہتریوں کے لیے ریکارڈ $2.2 بلین اور اس سال کے بجٹ کے جزو کے طور پر عملی اخراجات کے لیے اضافی $500 ملین حاصل کرنے کے لیے بھی کام کیا ہے۔ اور اگست میں، گورنر نے نیو یارک کے نگہداشتِ صحت کے شعبے کے لیے چوٹی کے باصلاحیت افراد کو بھرتی کرنے اور برقرار رکھنے کے لیے $1.3 بلین کے ہیلتھ کیئر اینڈ مینٹل ہائجین ورکر بونس پروگرام شروع کیا تھا۔

SPARC Kips Bay کی لاگت $1.6 بلین ہونا متوقع ہے اور اسے شہر اور ریاست مشترکہ طور پر اضافی نجی سرمایہ کاری کے ساتھ فنڈ فراہم کریں گے۔ SPARC Kips Bay کے سنہ 2026 میں سنگِ بنیاد رکھے جانے اور سنہ 2031 کے آخر تک مکمل ہونے کی توقع ہے۔

نمائندہ Carolyn Maloney نے کہا، "برسوں سے، اس علاقے نے اس مقام پر لائف سائنسز کے ایک بڑے مرکز کی وکالت کی ہے، اور مجھے بہت خوشی ہے کہ آخرکار وہ دن آ ہی گیا - جدید ترین لائف سائنسز کے تعلیمی کیمپس کے قیام کے لیے اس سے بہتر کوئی جگہ نہیں ہے جس میں کچھ بہترین میڈیکل سکول، سرکاری ہسپتال، اور تحقیقی مراکز قریب ہوں۔ اگر ہم نگہداشتِ صحت کے پیشوں میں قومی رہنماء بننا جاری رکھنا چاہتے ہیں تو ہمیں اس قسم کی سرمایہ کاری کرنے اور ایسی پائپ لائنیں بنانے کی ضرورت ہے جو نیو یارک کے باصلاحیت افراد کو نگہداشتِ صحت کی صنعت میں لے کر آئیں"۔

رکنِ اسمبلی Richard Gottfried نے کہا، "یہ کوشش نیو یارک میں نگہداشتِ صحت اور ملازمت کے مواقع کو مضبوط کرے گی، خاص طور پر نیو یارک کے طب میں تنوع (Diversity in Medicine) پروگرام کی توسیع کے ساتھ یہ سرکاری تعلیم اور سرکاری اعلیٰ تعلیم میں بھی ایک اہم سرمایہ کاری ہے"۔

نیو یارک سٹی کونسل کے رکن Keith Powers نے کہا، "بروکڈیل کے مستقبل پر برسوں کی غیر یقینی صورتحال کے بعد، آج نیو یارک شہر کے لیے ایک بڑا موقع ہے۔ یہ اہم ہے کہ ہمارا شہر حیاتی علوم میں سب سے آگے رہنا جاری رکھے اور ہماری اگلی نسل جدید صنعتوں میں قیادت کرنے کے لیے تیار ہے۔ جیسا کہ یہ عمل جاری ہے، میں عوامی رائے حاصل کرنے، اپنے ساتھیوں کے ساتھ اس تجویز کا جائزہ لینے اور اہلِ علاقہ کے ساتھ اہم بات چیت کرنے کا منتظر ہوں"۔

SEIU1199 یونائیٹڈ ہیلتھ کیئر ورکرز ایسٹ کے صدر George Gresham نے کہا، "نگہداشتِ صحت، ملازمتوں، اور نشوونما پاتی ہوئی معیشت کے مستقبل کے لیے لائف سائنسز ناگزیر ہیں۔ نیو یارک سٹی کے پاس جدید طبی تحقیق اور تربیت کا عالمی مرکز بننے کے لیے وسائل موجود ہیں جو پورے خطے میں اچھی، یونین کی ملازمتوں اور اقتصادی ترقی کے لیے ایک اعزاز ثابت ہوں گے۔ CUNY کل کے نگہداشتِ صحت کرنے والے اہلکاروں کو تربیت دینے کے لیے لازمی ہے اور جہاں SEIU1199 کے بہت سے ارکان پڑھتے ہیں، جن کی مدد ہمارے ٹریننگ اینڈ اپ گریڈنگ فنڈ سے ہوتی ہے۔ ہم اس پہل کاری پر میئر Adams اور گورنر Hochul کے ساتھ مسلسل تعاون کے منتظر ہیں جو نیو یارک میں نگہداشتِ صحت کی فراہمی کو مضبوط بنائے گی"۔

بلڈنگ اینڈ کنسٹرکشن ٹریڈز کونسل آف گریٹر نیو یارک کے صدر Gary LaBarbera نے کہا، "جبکہ نیو یارک عالمی وباء سے باہر آ رہا ہے، اہم ترقیاتی منصوبوں میں مسلسل سرمایہ کاری جو ناصرف ہماری نگہداشتِ صحت اور لائف سائنسز کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بناتی ہو بلکہ ہزاروں اچھی تنخواہیں بھی پیدا کرتی ہو ہمارے محنت کش طبقے کے لوگوں کے لیے ملازمتیں اور پیشہ ورانہ زندگی کے مواقع فراہم کرنے کے لیے انتہائی اہم ہیں۔ Kips Bay میں صحتِ عامہ اور تعلیم کا یہ نیا مرکز ایک اور منصوبہ ہے جو نیو یارک کو لائف سائنسز اور نگہداشتِ صحت میں ایک رہنماء کے طور پر ثابت کرے گا اور نیو یارک کے محنتی باشندوں کو درمیانے درجے کے پیشے کے قابلِ رسائی راستے فراہم کرے گا۔ ہم میئر Adams اور گورنر Hochul کے ان پہل کاریوں کو آگے بڑھانے کے لیے ان کے مسلسل عزم کو سراہتے ہیں جو ہمارے شہر کو مضبوط بنانے اور نیو یارک کے تمام مکینوں کی زندگیوں کو بہتر بنانے کی حالت میں لاتے ہیں"۔

LEXEO Therapeutics کےسی ای او R. Noland Townsend نے کہا، "نیو یارک میں قائم بائیو ٹیکنالوجی کی کمپنی کے سی ای او کے طور پر، میں اس تاریخی سرمایہ کاری کو دیکھ کر بہت پُرجوش ہوں جو شہر میں لائف سائنسز کے شعبے کی ترقی کو مزید متحرک کرے گی۔ اہم بات یہ ہے کہ صنعتی، تعلیمی، اور حکومتی حصہ داروں کا جاری تعاون نیو یارک میں لائف سائنسز کے شعبے کی تعمیر اور توسیع کے لیے اس رفتار اور عزم میں اس تیزی کو آسان بنانے کے لیے اہم ہے"۔

NewYorkBIO کی سی ای او Jennifer Hawks Bland نے کہا، "ریاست نیو یارک کی لائف سائنس صنعت کی ترقی اور نشوونما میں جدت طرازی کو آگے بڑھانا ہمارے مقصد کا بنیادی حصہ ہے۔ SPARC Kips Bay میں میئر Adams اور گورنر Hochul کی شراکت داری اس اہم صنعت کے لیے تعلیم اور پیشے کی پائپ لائنوں کی ترقی کے لیے ایک بے مثال باہمی سرمایہ کاری ہے۔ یہ سرمایہ کاری لائف سائنس لیڈر اور سائنسی امتیاز کے محور

کے طور پر نیو یارک کی حیثیت کا فائدہ اٹھائے گی — جس سے خداداد صلاحیت اور بالآخر ابتدائی کاروباری اداروں اور کمپنیوں میں زبردست ترقی کی راہ ہموار ہو گی"۔

مینہیٹن کمیونٹی بورڈ 6 کے چیئرمین Kyle Athayde نے کہا، "مینہیٹن کمیونٹی بورڈ 6 طویل عرصے سے بروکڈیل سائٹ کو جدید بنانے کی وکالت کر رہا ہے اور اس بات پر خوش ہے کہ ہمارے رہنماء ہمارے مطالبات پر توجہ دے رہے ہیں اور ایک نئے اور مستقبل بین انداز میں آگے بڑھ رہے ہیں۔ ہم گورنر Hochul، میئر Adams، چانسلر Matos Rodríguez، اور صدر Raab کا ایک ایسے منصوبے کو آگے بڑھانے اور فنڈ فراہم کرنے کے لیے شکریہ ادا کرتے ہیں جو مینہیٹن کمیونٹی ڈسٹرکٹ 6 کو لائف سائنسز کی صنعت میں رہنمائی کرنے اور 21 ویں صدی میں خوشحالی کے لیے ترتیب دیتا ہے۔ کمیونٹی بورڈ 6 کو یہ دیکھ کر بھی خوشی ہوئی کہ اس منصوبے میں علاقے کی کچھ بہتری شامل ہے، جس کی ہم نے کئی سالوں سے وکالت کی ہے، جیسے کہ FDR Drive سے Waterside Plaza تک اے ڈی اے-قابل رسائی پیدل چلنے والوں کے لیے پُل۔ کمیونٹی بورڈ 6 آئندہ منصوبہ بندی کے عمل کے دوران ہمارے حکومتی شراکت داروں کے ساتھ فعال طور پر مصروف رہنے کا منتظر ہے"۔

البرٹ اور میری لاسکر فاؤنڈیشن کی شریک چیئر، میئر کی لائف سائنسز ایڈوائزری کونسل، اور صدر Claire Pomeroy نے کہا، "ہم اس تاریخی اعلان پر گورنر Hochul اور میئر Adams کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں۔ نیا SPARC Kips Bay سائنسدانوں، معالجین، اور سرکاری ملازمین کی موجودہ اور آنے والی نسلوں کے لیے ایک اہم اور متاثر کن سرمایہ کاری ہے جن کا کام ہمارے نیو یارک سٹی کے اہلِ علاقہ اور دنیا بھر کے لوگوں کی صحت کو بہتر بناتا ہے۔ میئر کی لائف سائنسز ایڈوائزری کونسل کے شریک چیئرمین کے طور پر، میں تعلیم، پیشے کی تربیت، اور اختراع کے اس نئے مرکز کی حمایت کرنے پر بہت خوش ہوں"۔

لیوس تھامس یونیورسٹی کے پروفیسر آف میڈیسن، ویل کورنیل میڈیسن، میئر کی لائف سائنسز ایڈوائزری کونسل Harold Varmus نے کہا، "میئر اور گورنر کا آج کا اعلان ہم میں سے ان لوگوں کے لیے بہت خوش آئند خبر ہے جو NYCEDC کو اس کے متعدد منصوبوں پر مشورے دے رہے ہیں تاکہ مالی سرمایہ کاری، رئیل اسٹیٹ کی ترقی، اور مقامی خداداد صلاحیتوں کی تربیت کے ذریعے لائف سائنس انٹرپرائزز کی توسیع کی حوصلہ افزائی کی جا سکے۔ بہت ساری پیش رفت پہلے ہی ہو چکی ہے، اور نئے منصوبوں سے مستقبل کی ترقی کی رفتار کو تیز کرنے کی امید کی جا سکتی ہے"۔

پارٹنرشپ فنڈ فار نیو یارک سٹی کی صدر اور سی ای او Maria Gotsch نے کہا، "یہ نیا تحقیقی مرکز نیو یارک سٹی میں لائف سائنسز کی ترقی کو تیز کرے گا اور Kips Bay میں ایک توسیعی مرکز بنائے گا، جو اس وقت الیگزینڈریا سینٹر کے ذریعے قائم ہے۔ سرکاری اور نجی شعبے کی بڑی سرمایہ کاری کی بدولت، لائف سائنسز ہمارے شہر کی معیشت میں ایک روشن مقام بن گیا ہے — جو ہزاروں ملازمتیں پیدا کر رہا ہے اور نجی شعبے سے لاکھوں ڈالر کی اضافی سرمایہ کاری کو راغب کر رہا ہے۔ یہ کیمپس ملازمت کی تربیت اور افرادی قوت کی ترقی کی پہل کاریوں میں بھی اضافہ کرے گا جو مہارت کے فرق کو ختم کرنے اور لائف سائنسز کی خداداد صلاحیتوں کی پائپ لائن بنانے کے لیے درکار ہیں۔ انڈسٹری کی مسلسل حمایت کرنے پر ہم میئر Adams اور گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرتے ہیں"۔

سٹوویسنٹ شہر-پیٹر کوپر گاؤں کے کرایہ داروں کی انجمن کی صدر Susan Steinberg نے کہا، "ہمیں خوشی ہے کہ ریاست نیو یارک اور نیو یارک سٹی کے درمیان شراکت داری 23rd Street اور 34th Street کے درمیان موجودہ ہیلتھ اینڈ بائیو سائنس کوریڈور کو وسعت دینے کے لیے بروکڈیل سائٹ کا استعمال کرے گی۔ ہم تعلیم، تربیت اور طبی خدمات فراہم کرنے والے اس تعاون کے منتظر ہیں جس سے اہلِ علاقہ کو فائدہ پہنچے گا"۔

واٹرسائیڈ کے کرایہ داروں کی انجمن کی صدر Janet Handal نے کہا، "واٹرسائیڈ کے کرایہ داروں کی انجمن ہنٹر بروکڈیل کیمپس کی دوبارہ تیاری کے منصوبوں کے بارے میں جان کر بہت خوش ہے، جو علاقے کے لیے ایک نیا ہائی سکول اور پیشہ ورانہ تربیتی پروگرام اور اعلیٰ معیار کی ملازمتیں لائیں گے۔ ہمیں خاص طور پر خوشی ہے کہ منصوبے کے جزو کے طور پر واٹرسائیڈ کو 25th Street سے جوڑنے والا پیدل چلنے والوں کے لیے ایک نیا

ADA-ہم آہنگ پُل تعمیر کیا جائے گا۔ ہم علاقے کے منصوبہ بندی کے عمل پر NYCEDC کے ساتھ کام کرنے کے منتظر ہیں تاکہ اہلِ علاقہ کے خدشات اور ضروریات کو ماسٹر پلان میں شامل کیا جا سکے"۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418